تبصرے اور تاثرات

☆ ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت، ملتان، اگست ۲۰۰۲ء

آج کل کتابی ضخامت وقامت اور حلیہ وحجم کے اردو جریدے، بیشتر ادبی موضوعات سے سروکار رکھے ہوئے ہیں۔ ''السیر ۃ'' نے اس فیشن سے یکسر ہٹ کر ایک نیا اور منفرد تجربہ کیا، اور ہر چھے ماہ بعد، سیرت نبوی (علیہ التحیۃ والتسلیم) پر ایک ''کتاب'' پیش کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ ماشاء اللہ، اب ساتواں شمارہ (ربیع الاوّل ۱۴۲۳ھ) ہمارے سامنے ہے۔

خصوصاً فاضل جلیل پروفیسر ظفر احمد صاحب کا مقالہ ''کتاب اللہ و اصحاب رسول اللہ'' اس پائے کی علمی کاوش ہے کہ کڑے سے کڑے تحقیقی معیار پر پرکھا جائے، تو داد کا مستحق ٹھہرے۔ یہ مقالہ کم اور ایک نہایت نپا تلا، بادلیل وباحوالہ، اور نہایت مؤثر ''لیکچر'' زیادہ ہے۔ استدلال اور بیان کا بہاؤ ایسا کہ قاری سرشاری اور ''گرفتاری'' کی کیفیت میں اس بہاؤ کے ساتھ ساتھ بہتا چلا جاتا ہے۔ اور ایک لطف بلکہ کمال یہ بھی ہے کہ حوالے، ہر دو طرح کے مآخذ سے دیئے گئے ہیں۔ یعنی معروف معنوں میں ''مخالف'' اور ''موافق'' مآخذ سے۔

☆ الفارق، کراچی، ربیع الاول ۱۴۲۳ھ

''السیر ۃ'' کا زیر نظر یہ چھٹا شمارہ ہے، اور یہ شمارہ بھی سابقہ شماروں کی طرح تحقیقی، علمی اور معیاری مقالات ومضامین پر مشتمل ہے، اس میں ''صبر واستقامت اور موجودہ معاشرہ'' کے عنوان سے ایک طویل اور تحقیقی اداریہ شامل ہے، اس کے بعد تقریباً گیارہ مضامین، سیرت کے موضوع سے متعلق آگئے ہیں،

''السیر ۃ'' اپنی نوعیت کا منفرد تحقیقی مجلّہ ہے، اہل علم اور سیرت کے موضوع پر تحقیقی کام کرنے اور اس کے ساتھ دلچسپی رکھنے والے بطور خاص اس سے بہت استفادہ کر سکتے ہیں۔

☆ ماہنامہ تعمیر افکار، کراچی، مارچ ۲۰۰۲ء

دو سال قبل کراچی کے معروف علمی خاندان نے ''السیر ۃ'' کے عنوان سے شش ماہی علمی وتحقیقی مجلّے کا اجراء وآغاز کیا ہے، مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب علیہ الرحمہ کے فرزند حافظ سید فضل الرحمٰن زید